سوال

زنا کی توبہ

جواب

زنا سے توبہ اوراس کا طریقہ کارالسلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ اگرکسی شادی شدہ مسلمان مرد سے زنا سرزد ہوجائے، توکیاایسے شخص کے لئے توبہ کی گنجائش موجود ہے، اگرہے توبرائے مہربانی توبہ کا طریقہ کاربھی بتادیں۔؟ الجواب بعون الوہاب بشرط صحۃ السؤال وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ! الحمدللہ، والصلاۃ والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد! زنا ایک انتہائی قبیح ترین گناہ ہے، اورکسی بھی مسلمان کی شان کے لائق نہیں ہے کہ وہ اس میں بتلا ہو۔ لیکن اللہ تعالی بہت ہی غفورالرحیم اور بخشنے والے ہیں۔ اگر کوئی بندہ اخلاص کے ساتھ توبہ کرتا ہے تواللہ تعالی اس کی توبہ کوضرورقبول کرتے ہیں، اوراس سے بہت زیادہ خوش ہوتے ہیں۔ توبہ کا طریقہ یہ ہے کہ آپ دورکعت نمازادا کریں اوراللہ سے روروکراپنے گناہ کی معافی مانگیں اور ساتھ ساتھ اللہ تعالی سے یہ وعدہ کریں کہ آپ دوبارہ یہ گناہ نہیں کریں۔ اللہ تعالی آپ کی سوچ کوپاکیزہ بنائے اورآپ کے اس گناہ کومعاف فرمائے۔ آمین ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب فتوی کمیٹی محدث فتوی